## جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان ملک کے غریب ومظلوم عوام کے مستقبل کیلئے نئی تاریخ رقم کرے گا،اشفاق منگی

## جناب الطاف حسین اپنی سیاسی بصیرت کے ذریعے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو

## دو فیصد مراعات یافتہ طبقے سے نجات دلا کران کا معیارِ زندگی بہتر بنانا چاہتے ہیں

## سکھر زون آفس میں منعقدہ یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس میں گفتگو

## اشفاق منگی کا سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں واقع جلسہ گاہ کا دورہ جلسہ عام کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا

## جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں مصروف کارکنان سے فرداًفرداً ملاقاتیں،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا

سکھر۔۔۔23 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے کہا ہے کہ 27 جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالا جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان ملک کے غریب ومظلوم عوام کے مستقبل کیلئے نئی تاریخ رقم کرے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر زون آفس میں یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان کے منعقدہ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی واراکین کمیٹی،ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین واراکین زونل کمیٹی کے علاوہ یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک میں غریب و مظلوم عوام کے حقوق کیلئے آواز حق بلند کررہی ہے جو گزشتہ 64 سالوں سے ملک میں رائج جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام میں جکڑے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اپنی سیاسی بصیرت کے ذریعے ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو دو فیصد مراعات یافتہ طبقے سے نجات دلا کران کا معیارِ زندگی کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔بعدازاں انہوں نے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت دی کہ وہ 27 جنوری کو ایم کیوایم کے تحت ہونیوالے جلسہ عام کی تیاریوں کو مزید تیز کریں اور زیادہ سے زیادہ عوام سے رابطہ کرکے انہیں جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دیں۔اجلاس ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین بھی کارکنان سے گفتگو کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں واقع جلسہ گاہ کا دورہ کیا اوجلسہ عام کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں مصروف کارکنان سے فرداًفرداً ملاقاتیں کرکے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین،حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان،ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین اور دیگر اراکین کمیٹی بھی انکے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام 27 جنوری سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالے ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کے سلسلے میں سکھر زون کے تحت عوامی رابطہ مہم اور کارنر میٹنگز کا سلسلہ بتدریج جاری ہے

## ایم کیوایم ملک سے جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کرکے،غریب ومحکوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج فرید احمد،رکن اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی حبیب بلیدی،ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین ودیگر کا سکھر یوسی نمبر A-1 اور یوسی نمبر 6 میں کارنر میٹنگوں کے اجتماعات سے مقررین کا اظہار خیال

سکھر:۔۔۔23،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 27 جنوری سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالے ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے۔اس سلسلے میں سکھر زون کے تحت عوامی رابطہ مہم اور کارنر میٹنگز کا سلسلہ بتدریج جاری ہے،گزشتہ روز سکھر یوسی نمبر A-1 اور یوسی نمبر 6 میں کارنر میٹنگوں کے اجتماعات منعقد ہوئے۔جس میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج فرید احمد،رکن اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی حبیب بلیدی،ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین،جوائنٹ زونل انچارج شہزاد گلفام،اراکین زونل کمیٹی اعجاز کھوسو اور ذاکر بندھانی نے اظہار خیال کیا۔اس موقع پر یوسیوں کے ذمہ داران و کارکنان اور عوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔کارنر میٹنگوں کے اجتماعات سے اظہار خیال کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کرکے ،غریب ومحکوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے جس کیلئے ملک کے عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ساتھ دینا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں مثبت تبدیلی لاکر

ملک کے عوام کو 64 سالہ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے طلسم سے نجات دلا کر ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کردے گی۔ انہوں نے کہا کہ 27 جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں'' خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' جلسے سے دوررس نتائج مرتب ہونگے جو یقیناً ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے آنیوالے انقلاب کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہونگے۔ اس موقع پر انہوں نے اجتماعات میں موجود عوام سے اپیل کی کہ وہ 27 جنوری کو ہونیوالے'' خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' جلسہ عام میں بھرپور شرکت کرکے اس تاریخی بنائیں۔

## اورنگی ٹاؤن راجہ تنویر کالونی کے رہائشی مختلف برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کی ایم کیوایم میں شمولیت

## کراچی میں فساد وہ قوتیں پھیلا رہی ہیں جو پاکستان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں، سیف الدین خالد

## ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کراچی کے تحت راجہ تنویر کالونی یونٹ آفس کی افتتاحی تقریب

کراچی۔۔۔23، جنوری 2012ء

اورنگی ٹاؤن راجہ تنویر کالونی کے رہائشی مختلف برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مظلوم قومیتوں کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے تحت اورنگی ٹاؤن سیکٹر راجہ تنویر کالونی یونٹ کی افتتاحی تقریب میں کیا۔ تقریب میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سیف الدین خالد، ایم اوسی کراچی کے اراکین ذمہ داران ڈاکٹر شیر علی اور شیر ولی نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف برادریوں کے افراد کا جوش وخروش قابل دید تھا اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں اپنی مادری زبانوں میں پرجوش نعرے بھی لگا رہے تھے۔ یونٹ آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کراچی میں اردو بولنے والے سندھیوں کا کسی قومیت سے جھگڑا نہیں ہے بلکہ یہاں فساد وہ قوتیں پھیلا رہی ہیں جو پاکستان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 64 برس سے دو فیصد استحصالی طبقہ ملک پر قابض ہے اور ملک وقوم کی تقدیر سے کھیل رہا ہے، جناب الطاف حسین نے جب ایم کیوایم کی بنیاد رکھی تو ان کا بنیادی فلسفہ ہی 98 فیصد محکوم ومظلوم غریب لوگوں کے حقوق حاصل کرنا تھا اور 98 فیصد میں پاکستان کی تمام قومیتیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ استحصالی طبقہ اپنی بادشاہی ختم ہوتے ہوئے دیکھ کر سندھی، بلوچی، پنجابی، پختون اور اردو بولنے والوں کے درمیان نفرتیں پیدا کرکے سمجھ رہا ہے کہ وہ حق پرستی کی تحریک کا راستہ روک لیں گے لیکن یہ ان کی خام خیالی ہے اور جناب الطاف حسین کے حق پرستی کے پیروکار غلط راستہ کا انتخاب ہرگز نہیں کریں گے۔ انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے مختلف برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم ابراہیم حیدری کے کارکن محمد نادر بلال خان کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ الیاس گوٹھ کے کارکن محمد الیاس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل کی خالہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل کی خالہ محترمہ خیر النساء لاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے انتقال پر محترمہ نسرین جلیل سمیت تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ خیر النساء لاری کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔23،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن جاوید مختار شہید کے والد اور ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ الیاس گوٹھ کے کارکن محمد الیاس کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔( آمین )

## جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم ومحکوم عوام کو ظلم و جبر کی زنجیروں سے آزادی دلانے کے لئے جدوجہد کررہے ہیں،سید محمد علی شاہ

## جناب الطاف حسین ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہوں پر گامزن کرنے کے لئے خواتین کو ہر میدان میں منظّم اور متحرک کردار ادا کرتے دیکھنا چاہتے ہیں،شگفتہ فاطمہ

ٹنڈو الہ یار۔۔۔23جنوری2012

قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم ومحکوم عوام کو ظلم و جبر کی زنجیروں سے آزادی دلانے کے لئے جدوجہد کررہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ٹنڈو الہیار زون کے انچارج سید محمد علی شاہ نے یونٹ B-2 کے علاقوں مصطفیٰ کالونی اور عباس بھائی کالونی میں پرچم کشائی کی الگ الگ تقاریب میں شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ اراکین زونل کمیٹی ثاقب احمد خانزادہ،خالد قائم خانی اور ارسلان خانزادہ بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ ظلم اور زیادتی کے زخموں سے چور ملک بھر کے مظلوم عوام برسوں سے کسی دست شفاء رکھنے والے مسیحا کے منتظر تھے۔ملکی سیاسی منظرنامے میں قائد تحریک الطاف حسین کی آمد اور عوامی مسائل کے حل کے لئے انکا بے مثل کردار کروڑوں مظلوموں کے زخموں پر مرہم رکھنے کا باعث ثابت ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ 27 جنوری کے دن سندھ کی مظلوم عوام سکھر کے میونسپل گراؤنڈ میں جمع ہوکر ظلم و جبر کے نظام کے خلاف جدوجہد کا ایک نیا باب رقم کریں گے اور طالع آزما قوتوں کو یہ پیغام پہنچائیں گے کہ انہیں ظلم اور زیادتی کے بل بوتے پر عوامی وسائل غصب کرنے کا مزید حق نہیں دیا جائے گا۔پرچم کشائی سے قبل قائد تحریک الطاف حسین کی صحت اور تندرستی کے لئے درجنوں کبوتروں کو آزاد فضاء میں چھوڑا گیا۔جبکہ پرچم کشائی کے بعد حق پرست شہداء کے درجات کی بلندی اور تحریک کی سربلندی کے لئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین ٹنڈو الہ یار کی انچارج شگفتہ فاطمہ نے یونٹ C-2 میں خواتین کارکنان کے اجتماع سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہوں پر گامزن کرنے کے لئے خواتین کو معاشرے کے ہر میدان میں منظّم اور متحرک کردار ادا کرتے دیکھنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے پلیٹ فارم کے ذریعے مختلف شعبہءزندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین ملکی ترقی کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ خواتین کے حقوق کی سب سے بڑی علم بردار جماعت ہے جو خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق دلانے میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ 27 جنوری کے دن سکھر کے میونسپل گراؤنڈ میں خواتین کارکنان بھرپور طریقے سے شرکت کرکے یہ بات ثابت کردیں گی کہ خواتین ملک کی سلامتی اور بقاء کیلئے میدان عمل میں آچکی ہیں۔اور ملک کو ظالمانہ نظام سے چھٹکارہ دلانے کے لئے محبّ وطن خواتین کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔اجتماع میں ایم کیوایم ٹنڈو الہیار شعبہ خواتین کی اراکین مختلف یونٹوں کی ذمہ داران وکارکنان اور علاقے کی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆